الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد۔ 30 جون 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ امیدواروں کے نام فارم نمبر 33 (انتخابی امیدواروں کی فہرست) پر اردو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درج کیے جائیں گے۔ اس ضمن میں یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ امیدواروں کے نام قومی شناختی کارڈ کے مطابق ہی درج کیے جائیں گے جیسا کہ کاغذات نامزدگی فارم میں موجود نام درج کرنے کے خانہ میں یہ بات پہلے سے موجود ہے لہذا ریٹرننگ افسران قومی شناختی کارڈ کے علاوہ امیدواروں کا کوئی اضافی نام فارم 33 پر درج نہیں کریں گے۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد۔ 30 جون 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کی زیرِ دفعہ 66 تمام ریٹرننگ افسران امیدواروں کی جانب سے جماعتی وابستگی سرٹیفیکیٹس آج نشانات الاٹ کرنے تک وصول کر سکتے ہیں مزید یہ کہ انتخابی امیدواروں کی حتمی فہرستیں آج شام 4:00 بجے امیدواروں کو نشانات الاٹ کرنے کے بعد فارم 33 پر جاری کی جائیں گی۔